PR – X (A-I-A4) (24)

اُردو لازمی

نوٹ: سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب)

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیئے گئے 1 تا 4 سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

1) کاٹ کباڑ کی کوٹھڑی میں اتفاق سے بلی نے بچے دیئے۔ سارے بچے کوٹھڑی میں جا گھسے۔ بلی کے بچوں کی تلاش میں جو ٹوٹی پھوٹی چیزوں کو اِدھر اُدھر کیا ایک کونے میں پرنانی کی دلائی پڑی تھی۔ آمنہ کی چھوٹی بہن نصیرہ کو اور بہن بھائیوں کے خلاف پرنانی سے قدرتی لگاؤ تھا۔ یہ دلائی کو لے سیدھی پرنانی کے پاس پہنچی اور کہنے لگی۔ "نانی اماں! آپ کی دلائی مل گئی نہ جانے کس نے کوٹھڑی میں ڈال دی تھی"۔ بڑھیا کے بدن میں دلائی دیکھتے ہی جان آگئی۔ دلائی کو کلیجے سے لگایا اور نصیرہ کو لاکھوں دعائیں دیں۔

سوال 1: بلی نے کہاں بچے دیئے تھے؟ کوٹھڑی میں کون جا گھسا؟

سوال 2: بلی کے بچوں کی تلاش میں آمنہ نے کیا کیا؟ پرنانی کے ساتھ کس کو قدرتی لگاؤ تھا؟

سوال 3: نصیرہ نے دلائی لے کر کیا کیا؟ نصیرہ نے پرنانی سے کیا کہا؟

سوال 4: دلائی کو دیکھ کر بڑھیا کی کیا حالت ہوئی؟ پرنانی نے کس کو دعائیں دیں۔

درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

یہاں لاہور میں سوتا ہے ایبک ایک کوچے میں
پڑی ہے یادگارِ دولتِ اسلام کوچے میں
میں اکثر شہر کے پُرشور ہنگاموں سے اکتا کر
سکوں کی جستجو میں بیٹھ جاتا ہوں یہاں آکر

سوال 5: قطب الدین ایبک کا مزار کہاں واقع ہے؟ سلطان کی غیر مصروف جگہ پر تدفین کی کیا وجہ ہے؟

سوال 6: ترکیب: یادگار دولت اسلام سے کیا مراد ہے؟ لفظ سونا کا ذومعنی اس طرح لکھیں کہ معنی واضح ہو جائیں۔

سوال 7: شاعر سکون کے لیے کس جگہ کو پسند کرتا ہے؟ پہلے شعر کا قافیہ اور ردیف لکھیں۔

درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

سوال 8: درج ذیل عبارت میں ذومعنی الفاظ الگ کر کے دوبارہ لکھیں:

جیسے ہی علی نے مجھے خالہ کے گھر کا سمجھایا تو میں فوراً شکریہ ادا کر کے خالہ کے گھر کے لیے روانہ ہو گئی۔

سوال 9: کنایہ کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

سوال 10: مقطع سے کیا مراد ہے؟ کوئی ایک مثال دیں۔

سوال 11: مثلث اور رباعی کسے کہتے ہیں؟

سوال 12: ذیل کے جملوں کو جملہ معترضہ کے لحاظ سے درست کر کے دوبارہ لکھیں۔

(الف) لالاموسیٰ پنجاب کا شہر جی ٹی روڈ پر واقع ہے۔ (ب) کلام پاک میں حتی مقام بحرین کے بعد آتا ہے۔

سیکشن (ج)

سوال 13: مصنف اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔

الف) مولوی صاحب بہت باقاعدہ عادتوں کے مالک تھے صبح کی چہل قدمی سے رات کی مشی تک ان کا روزانہ ایک ہی سا پروگرام ہوتا تھا۔ راتوں کو جاگتے نہیں تھے۔ نیند پوری لیتے تھے اور صبح تازہ دم اُٹھتے تھے۔ نوے سے اوپر ہو گئے تھے مگر صحت اچھی تھی۔ ہمارا اندازہ تھا کہ سو پار کر جائیں گے مگر ابھی سو میں پانچ چھ سال باقی تھے کہ بیمار رہنے لگے۔ مرض تشخیص نہیں ہوتا تھا۔ خیال تھا کہ ہاضمے کی شکایت ہوگی جو کراچی میں عام ہے۔ مگر جب مرض بڑھتا گیا تو ہسپتال میں داخل ہو گئے، افاقہ نہیں ہوا۔

ب) جیسے ان انار کے جلتے پھول ان پر برس گئے۔ پھر بھی نہ جانے کیسے ان کا کانپتا ہوا ہاتھ بے اختیار آگے بڑھا۔ درمیانی گول میز جیسے انہیں نظر نہیں آ رہی تھی۔ یہ اس پر اوندھی گئیں اور جانے کیسے انہوں نے میاں کی پتلون کا پاچا مضبوطی سے مٹھی میں جکڑ لیا اور کہنے کی کوشش میں ہانپنے لگیں۔ آنسوؤں اور ناک سے بہتا پانی کھلے ہونٹ اور اجڑے بالوں میں چمکتے سفید بال وہ اس عالم میں کیسی بدصورت لگ رہی تھیں۔ سب نے نظریں جھکا لیں۔ میاں منہ پھیر کر کھڑے ہو گئے۔

سوال 14: نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔

الف) سوچتے ہیں کہ تمہارے لیے کیا کام کریں
یہ تو ہم سے نہیں ممکن کہ وہاں جا کے مریں
مالی امداد میں یچ ہے بڑے مشہور ہیں ہم
لیکن اب ٹیکس ہی اتنے ہیں کہ مجبور ہیں ہم

ب) ناظرِ گل پاسبانِ رنگ و بو گلشن پناہ
نازپرور لہلہاتی کھیتوں کا بادشاہ
وارثِ اسرارِ فطرت، فاتحِ اُمید و بیم
محرمِ اسرارِ باراں واقفِ طبعِ نسیم

سوال 15: بحوالہ شاعر کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔

الف) کٹ گئی احتیاطِ عشق میں عمر
ہم سے اظہارِ مدعا نہ ہوا
حیف ہے اس کی بادشاہی پر
تیرے کوچے کا جو گدا نہ ہوا

ب) جو عدم کی جان ہے جو ہے پیامِ زندگی
اس سکوتِ راز، اس آواز کی باتیں کرو
نام بھی لیتا ہے جس کا اک جہانِ رنگ و بو
دوستو! اس نوبہارِ ناز کی باتیں کرو

سوال 16: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک موضوع پر 200 تا 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔

(الف) میرا پسندیدہ شاعر (ب) تعلیم نسواں

www.ilmkidunya.com